© rasailojaraid.com

# وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی امتحانی کمیٹی کے اجلاس

منعقدہ 16 ذیقعدہ 1433ھ مطابق 4 اکتوبر 2012ء کے اہم فیصلے

ثانویہ عامہ بنین کے پہلے پرچے میں دوسوال تفسیر کے اور ایک سوال تجوید کا ہوگا جو دو اجزاء پر مشتمل ہوگا۔ آدھے نمبر قواعدِ تجوید کے اور آدھے نمبر حفظ کے ہوں گے۔ نیز کمیٹی نے یہ بھی فیصلہ کیا کہ پارہ عم ربع آخر کی بجائے آخری نصف پارہ عم حفظ کا امتحان لیا جائے گا۔

ثانویہ عامہ بنات کے نصاب میں حدر آخری پانچ پارے مع حفظ ربع آخر پارہ عم وخلاصۃ التجوید (مولانا قاری اظہار احمد تھانوی) کا امتحان بھی ہوگا۔ دوسوال تفسیر کے اور ایک سوال تجوید کا ہوگا' جو دو اجزا پر مشتمل ہوگا۔ آدھے نمبر تجوید کے قواعد کے اور آدھے نمبر حفظ وحدر کے ہوں گے۔

درجہ متوسطہ کا مکمل سابقہ نصاب برقرار رہے گا۔ جس میں بہشتی گوہر بھی شامل ہے۔

دراسات دینیہ سال اول اور سال دوم کا امتحان نئے نصاب کے مطابق ہوگا۔ سال دوم میں صرف حیات المسلمین کا پرچہ ہوگا۔ جب تک عقائد کی کتاب کا تعین نہیں ہو جاتا۔ جبکہ دراسات سالِ سوم کا امتحان پرانے نصاب کے مطابق ہوگا اور آئندہ سے سال سوم ختم ہو جائے گا۔

تجوید للحفاظ کے دوسالہ نصابِ تعلیم کا ایک ہی امتحان ہوگا۔ جس کی فیس 250 روپے مقرر کی گئی۔ جبکہ تجوید للعلماء کی فیس 300 روپے مقرر کی گئی۔

درجہ تحفیظ القرآن کے امتحان کو مزید منظم اور بہتر بنانے کے لئے داخلہ فارم کی از سر نو ترتیب کا فیصلہ کیا گیا۔ جس میں طالب علم کی تصویر کے لئے خانہ بھی ہوگا امتحانات کے نظم کو مزید بہتر بنانے کے لئے فیصلہ کیا گیا کہ بنین کے ہر امتحانی مرکز میں قریبی ضلع سے نگران اعلیٰ اور کم از کم دو معاونین کا تبادلہ کیا جائے گا۔

## بعد از نظر ثانی صوبائی پوزیشن حاصل کرنے والے طلباء وطالبات

درجہ عالیہ بنین میں محمد اظہر خان بن لال خان رقم الجلوس 7036 متعلم جامعہ مفتاح العلوم سرگودھا نے 560 نمبروں کے ساتھ صوبہ پنجاب میں دوسری پوزیشن حاصل کی۔ درجہ ثانویہ خاصہ میں سعد جان بن عبدالغفور رقم الجلوس 12078 متعلم مدرسہ ابوذر غفاریؓ راولپنڈی نے 576 نمبروں کے ساتھ صوبہ پنجاب میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔

اسی طرح عالیہ بنات میں بنت امین اللہ رقم الجلوس 758 متعلم جامعہ عائشہ صدیقہ بکلی حقدارزئی خانوزئی ضلع پشین نے 495 نمبروں کے ساتھ صوبہ بلوچستان میں دوسری پوزیشن حاصل کی ہے۔


## حضرت مولانا اشرف علی تھانوی کے حکم سے

پانچ اکابر علمائے امت علامہ ظفر احمد عثمانی' مفتی جمیل احمد تھانوی' مفتی محمد شفیع عثمانی مولانا محمد ادریس کاندھلوی اور مفتی عبدالشکور ترمذی کی تحریر فرمودہ فقہ حنفی کے مستدلات پر مبنی ایک عظیم

# تفسیر احکام القرآن

جس میں چھ ہزار سے زائد احکامات کو بیان کیا گیا ہے

سورۃ الفاتحہ سے سورۃ الناس تک 16 جلدوں میں چھپ گئی ہے

ادارہ اشرف التحقیق دار العلوم الاسلامیہ۔ لاہور

042-35422213
0323-4414100


© rasailojaraid.com